# وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی

## ضروری معلومات و ہدایات برائے ٹیسٹ بیسڈ داخلہ فارم بیچلرز پروگرام (صبح/شام)/ ویک اینڈ پروگرام (MBA) 2026

وفاقی اردو یونیورسٹی میں داخلے کے لیے ٹیسٹ بیسڈ داخلہ فارم بیچلرز (صبح/شام)/ماسٹر پروگرام (ویک اینڈ) 2026 کے خواہشمند طلبہ اپنا داخلہ فیس واؤچر، واؤچر پر درج بینک میں جمع کرائیں۔امیدواروں کے لیے لازم ہے کہ جامعہ ہذا کی ویب سائٹ www.fuuast.edu.pk پر جا کر آن لائن ضروری معلومات و ہدایت اور تعارف نامہ "Prospectus" کا بغور مطالعہ کریں اور دی گئی ہدایت کی روشنی میں فارم پر کریں۔

ایم بی اے (MBA) ویک اینڈ، کمپیوٹر سائنس (BSCS)، بی ایس اے ائی (BSAI)، بی ایس سائبر سیکورٹی (BS Cyber Security)، بی بی اے (BBA) اور فارمیسی فارم۔ڈی (Pharm.D) پانچ سالہ پروگرام میں داخلے کے لیے داخلہ ٹیسٹ لازمی ہے۔داخلہ پروسیسنگ فیس بمعہ ٹیسٹ فیس -/4,000 روپے واؤچر پر درج بینک میں جمع کروائیں۔

☆ **ٹیسٹ بیسڈ پروگرام کا تعین میٹرک 20%، انٹرمیڈیٹ 30% اور ٹیسٹ 50% مجموعی بنیاد پر طے کیا جائے گا۔**

☆ **انٹرمیڈیٹ کے حالیہ کامیاب اُمیدواروں کو ترجیح دی جائے گی۔تعلیمی سال کے وقفہ کی صورت میں ہر سال 2% کی کمی کی جائے گی۔داخلہ ٹیسٹ میں 50% مارکس ہونا ضروری ہے۔**

(ا) اہلیت اور داخلہ ٹیسٹ کی شرط کے مطابق داخلہ فارم میں ترجیحاً "3" پروگرام کا اندراج کر سکتے ہیں۔

**ایم بی اے ویک اینڈ (MBA)** میں سولہ سالہ تعلیم متعلقہ، مضامین/ڈسپلین میں ہونا لازمی ہے۔فرسٹ ڈویژن والے اُمیدوار کو ترجیح دی جائے گی (سیکنڈ ڈویژن والے بھی داخلہ فارم جمع کرواسکتے ہیں)۔

**کمپیوٹر سائنس (Computer Science)** انٹرمیڈیٹ پری میڈیکل/پری انجینئرنگ/جنرل سائنس یا مساوی 50% ہونا لازمی ہے اور (DAE-CIT) 70% ہونا لازمی ہے۔

**بی بی اے (BBA)** انٹرمیڈیٹ یا مساوی 50% ہونا لازمی ہے اور (DBA/DAE) 60% ہونا لازمی ہے۔

**فارم۔ڈی (Pharm.D)** انٹرمیڈیٹ پری میڈیکل 60% ہونا لازمی ہے۔

(۲) داخلہ پروسیسنگ فیس واؤچر -/4,000 روپے ڈاؤن لوڈ کر کے واؤچر پر درج بینک میں جمع کرایا جاسکے گا۔

امیدوار کے لیے نہایت ضروری ہے کہ وہ اپنی پسند کی ترجیح میں اہلیت کا خیال رکھتے ہوئے فارم پر کریں کیونکہ فارم جمع ہونے اور کوائف کمپیوٹر ڈیٹا بیس میں اندراج ہونے کے بعد اس میں کسی بھی قسم کی تبدیلی ممکن نہیں ہو سکے گی۔

مثال: فرض کیجئے آپ اپنی "3" پروگرام کی ترجیحات اس طرح تحریر کیں۔

| Order of Choices | Discipline/Department | Campus<br>Gulshan or Abdul Haq |
|---|---|---|
| 1 | Computer Science<br>(BSCS) | Gulshan<br>(Morning) |
| 2 | BBA<br>Busnіess Administration | Abdul Haq<br>(Morning) |
| 3 | Pharmacy Pharm D | Abdul Haq |

### ہدایات دستاویزات برائے بیچلرز/ایم بی اے ویک اینڈ پروگرامز:

(۳) داخلہ فارم کے ساتھ: i۔دو عدد میٹرک کی سرٹیفکیٹ و مارک شیٹ کی (نقل) ii۔دو عدد انٹرمیڈیٹ مارکس شیٹ (نقل) iii۔ماسٹر کی مارک شیٹ کی دو عدد (نقل) ایم بی اے ویک اینڈ پروگرام کے لیے iv۔اعدد شناختی کارڈ/ب فارم کی فوٹو کاپی v۔حلف نامہ/اقرار نامہ (اسٹامپ پیپر)

(۴) فارم کے ساتھ منسلک تمام دستاویزات پر داخلہ فارم نمبر واضح طور پر تحریر کریں۔

(۵) فارم اور دستاویزات کو سلیقے سے فائل کور میں لگایا جائے تا کہ کاغذات ضائع ہونے کا احتمال نہ رہے۔نامکمل داخلہ فارم یا مطلوبہ دستاویزات منسلک نہ کرنے پر فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

(۶) مطلوبہ دستاویزات کے علاوہ منسلک کی گئی دستاویزات کو غیر ضروری قرار دیکر خارج کر دیا جائے گا۔

(۷) ضیاءالدین بورڈ، آغا خان بورڈ، اے لیول، او لیول، ڈپلومہ پاس طالب علم انٹر بورڈ چیئرمین کمیٹی (IBCC) سے Equivalency یا تصدق شدہ مارک شیٹ لازمی جمع کریں۔

(۸) داخلہ فارم میں غلط کوائف درج کرنے یا جعلی دستاویزات منسلک کرنے پر فارم منسوخ کیا جاسکتا ہے اور داخلہ ہو جانے کی صورت میں داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

(۹) داخلہ کے خواہشمند اُمیدواران اپنا فارم اپنے ہاتھ سے پُر کریں اور تمام کاروائی اپنے ہاتھ سے مکمل کریں کسی کے ہاتھ میں اپنے کاغذات یا رقم نہ دیں۔